© rasailojaraid.com



# افکار و اخبار

قارئین کے خطوط ۔

- مولانا محمد عمر چمکنی ۔ فرائد قاسمیہ
- اتحاد مجاہدین افغانستان
- الہلال ۔ آغا خانی فرقہ
- صدارتی ایوارڈ
- پیغامات تہنیت

**مولانا محمد عمر چمکنیؒ ۔ فرائد قاسمیہ کی اشاعت** آپ کا پرچہ ایک معیاری پرچہ ہے ۔ میں معذور ہوں ورنہ کل پرچہ خود پڑھتا ۔ اور آپ کو اپنا کوئی مقالہ بھی بھیجا کرتا ۔ الحق میں مولانا محمد عمر چمکنیؒ کے حالات پر مشتمل جو مضمون شائع ہوا ہے وہ بڑا قیمتی اور معلومات افزا ہے ۔ پڑھوا کر سنا ۔ معلوم نہیں کہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے جو مکتوب گرامی حضرت مولانا محمد عمر پشاوری کو بھیجا ہے وہ خانقاہ میں موجود ہے یا نہیں ؟ شاہ صاحب ایک مکتوب الیہ کی حیثیت سے میں مولانا محمد عمر کے حالات بھی شامل کروں گا ۔ اگر مضمون نگار نے اس خط کا ذکر نہیں کیا تو میں اس خط کا خلاصہ بھیج دوں گا ۔

اولیائے سرحد مولانا محمد عمر کے حالات میں نے سن لئے ہیں ۔ آپ کے مضمون نگار نے بہت تفصیل سے ان کا تذکرہ لکھا اور ان کی تصانیف پر بھی سیر حاصل بحث کی ۔ مگر کتب خانہ رامپور کا ذکر مولانا کی ایک کتاب کے ضمن میں کیا ہے ۔ اس میں صاحب کتب خانہ کا نام غلط لکھا گیا ہے ۔ یہ حضرت مولانا محمد شاہ محدث رامپوریؒ کے پوتے قاضی سید احمد شاہ کا گذشتہ رمضان میں انتقال ہو گیا ۔ یہ میرے ملنے والے تھے ۔ آخری کتاب جو میں نے اس کتب خانہ میں دیکھی وہ مولانا محمد عمر کی وہ کتاب ہے جس کا آپ کے مضمون نگار نے ذکر کیا ہے ۔ خوشخط لکھی ہوئی یہ کتاب حضرت آدم بنوریؒ اور ان کے خلفاء اور خلفاء کے خلفاء کے حالات پر مشتمل ہے اس کا جتنا حصہ میں نے دیکھا تھا اس کا خلاصہ اپنی کاپی میں درج کر لیا تھا ۔ اس کا نام خلوا ھوالسرا ہے تمنا ہے کہ کبھی پوری کتاب سن لوں اور آنکھ بننے پر خود مطالعہ کروں ۔ فوائد قاسمیہ صحیح نام ہوں یہ کتاب حضرت نانوتویؒ کے نادر مضامین کا مجموعہ ہے ۔ اب تک چھپی نہیں ۔ دعا کریں کہ جلد اور نادر مخطوطات بھی جو حضرت نانوتویؒ اور ان کے تحذیر الناس سے متعلق ہیں جلد شائع ہو جائیں ۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے مکتوبات کے دو مجموعے بھی جو نادر ہیں قریب قریب مرتب ہو چکے ہیں ۔ ان کے شائع کرنے کے لئے دعا کریں ۔ (مولانا) مفتی نسیم احمد فریدی امروہوی امروہہ انڈیا ۔

© rasailojaraid.com